© rasailojaraid.com

# اخبار و افکار

## وقائع نگار

۲ - اگست ۱۹۷۴ : مدینہ منورہ میں مقیم پاکستانی بزرگ پیر سید منظور حسین شاہ جو آج کل پاکستان تشریف لائے ہوئے ہیں گذشتہ دنوں ادارہ میں تشریف لائے اور یہاں کے علماء و محققین سے ملاقات کی۔ بعد ازاں موصوف نے کتب خانہ اور پریس دیکھا اور نہایت مسرت کا اظہار کیا۔ ۲ اگست جمعہ کو ادارہ نے پیر صاحب کے اعزاز میں ایک دعوت ظہرانہ کا اہتمام کیا جس میں ادارہ کے سبھی ارکان شریک ہوئے۔ یہ نہایت دلچسپ اجتماع رہا۔ کھانے کے بعد ادارے کے علماء اور محترم مہمان کے درمیان تصوف، روحانیت اور طریقت و شریعت کے باہمی ربط پر بہت ہی دلچسپ، معلومات افزا اور خاصی طویل گفتگو رہی۔

— — — —

۲۶ - اگست ۱۹۷۴ : ادارۂ تحقیقات اسلامی کے بورڈ آف گورنرز کے چیرمین جناب عبدالحفیظ پیرزادہ کے والد محترم اور تحریک پاکستان کے ممتاز قائد جناب پیرزادہ عبدالستار مرحوم کو ایصال ثواب کے لئے ارکان ادارہ کا ایک اجتماع کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ اس اجتماع میں بورڈ آف گورنرز کے بعض ارکان نے بھی شرکت کی۔ اجتماع میں مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کے علاوہ ایک تعزیتی قرارداد بھی منظور کی گئی۔

© rasailojaraid.com